
# میپکو میگ ملتان

اپریل 2009ء

MULTAN ELECTRIC POWER COMPANY

MEPCO



شعبہ تعلقاتِ عامہ میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان



چیئرمین واپڈا شکیل دُرانی اور چیف ایگزیکٹومیپکو چوہدری گفتار احمد ملتان ائیر پورٹ پر گفتگو کر رہے ہیں۔



وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سید حامد سعید کاظمی چیف ایگزیکٹو میپکو سے ان کے دفتر میں ملاقات کر رہے ہیں۔

# میپکو میگ ماہنامہ ملتان

MULTAN ELECTRIC POWER COMPANY — MEPCO

سرپرستِ اعلیٰ: میاں افتخار احمد

مدیر: جمشید عالم نیازی

جلد نمبر 01 شمارہ 01 اپریل 2009ء کل صفحات 20


## تفصیل مضامین


| مضامین | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| چیف ایگزیکٹو میپکو کا پیغام | 3 |
| میپکو۔۔۔ایک نظر میں | 4 |
| سرپرست اعلیٰ کا پیغام | 7 |
| انرجی کنزرویشن سیمینار | 8 |
| اجلاس جوائنٹ ورکس کونسل | 10 |
| میپکو کے منصوبے | 11 |
| ریٹائرڈ ملازمین کے اعزاز میں تقاریب | 12 |
| اجلاس لوڈ مینجمنٹ کمیٹی | 13 |
| علی پور ڈویژن کا افتتاح | 14 |
| ریجنل ٹریننگ سنٹر | 15 |
| میپکو سپورٹس | 16 |
| شوکاز نوٹسز | 17 |
| بجلی چوری۔۔قومی جرم | 18 |


## ایڈیٹرز کالم

### میپکو کے بجلی خریدنے کے معاہدے.............. ایک اہم قومی خدمت

گزشتہ کئی سالوں سے نئے ڈیم نہ بننے، نئے تھرمل پاور سٹیشن نہ لگنے، فرنس آئل کی قیمتوں اور فراہمی میں تیزی سے ہونے والی تبدیلیوں اور آئی پی پیز کو ان کے واجبات کی ادائیگی نہ ہونے کے سبب ملک میں بجلی کی پیداوار نمایاں حد تک کم ہوگئی ہے جبکہ تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی اور معیار زندگی میں اضافہ کی وجہ سے الیکٹرانکس اشیاء کے استعمال نے بجلی کی طلب میں خوفناک حد تک اضافہ کر دیا ہے۔ بجلی کی طلب اور رسد کے اس بے محابا فرق نے لوڈ شیڈنگ کے سلسلہ کو جنم دیا جو کہ دن بدن بڑھتا جا رہا ہے اور مطلوبہ منصوبہ بندی نہ ہونے کی وجہ سے وہ قیمتی وقت ضائع ہوگیا جس میں مستقبل کی ضروریات کے لئے نئے ذرائع قائم کئے جانے تھے۔ موجودہ حکومت نے برسر اقتدار آتے ہی بجلی کی پیداوار بڑھانے کے منصوبوں پر تیزی سے کام شروع کیا اور مختلف جہتوں میں موثر منصوبہ بندی کی گئی۔ نئے ڈیموں کی تعمیر، تھرکول پراجیکٹ، شمسی توانائی، ونڈمل پراجیکٹ اور نہروں پر پن بجلی کی پیداوار کے منصوبوں پر کام شروع کیا گیا ہے جبکہ نئے رینٹل تھرمل پاور پلانٹس کی تنصیب اور ایران سے بجلی خریدنے کے منصوبے پر بھی مختلف مراحل میں کام ہو رہا ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ بجلی کی پیداوار کے منصوبے تعمیر و تنصیب میں بہت زیادہ وقت لیتے ہیں۔ ان تمام دقتوں کے پیش نظر نجی شعبہ سے ان کی فاضل بجلی خریدنے کا فیصلہ کیا گیا جس پر پیپکو اتھارٹی نے ڈسٹری بیوشن کمپنیز کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں ایسے اداروں سے بجلی خریدنے کے معاہدے کریں جن کے پاس فاضل بجلی ہو۔ میپکو نے ان ہدایات کے بعد سرگرمی سے اس ٹارگٹ پر کام کرنا شروع کیا اور اب تک مختلف اداروں سے 25 میگاواٹ بجلی خریدنے کے معاہدے ہو چکے ہیں اور یہ بجلی نیشنل گرڈ کو سپلائی کی جا رہی ہے۔ میپکو نے سب سے پہلا معاہدہ محمود گروپ آف انڈسٹریز سے 5 میگاواٹ بجلی کی خرید کا کیا اس کے بعد انڈس شوگر ملز راجن پور سے 4 میگاواٹ، جمال دین والی شوگر ملز سے 3 میگاواٹ، اشرف شوگر ملز بہاولپور سے 3 میگاواٹ اور اب حال ہی میں تھل شوگر ملز لیہ سے 4 میگاواٹ اور رومی ٹیکسٹائل ملز ملتان سے 5 میگاواٹ بجلی خریدنے کے معاہدے کئے گئے ہیں۔ ان معاہدوں سے میپکو نے قیمتی 25 میگاواٹ بجلی نیشنل گرڈ میں شامل کی ہے۔ ان حالات میں جب بجلی کی کمی ایک قومی مسئلہ ہے اور جہاں ایک میگاواٹ نئی بجلی پیدا کرنے کے لئے اربوں روپے اور وقت درکار ہے یہ بجلی فوری طور پر صارفین کے استعمال کے لئے فراہم کر دی گئی ہے جو کہ میپکو کی کامیابی ہے۔

ان معاہدوں کے علاوہ میپکو انتظامیہ دیگر بڑے صنعتی گروپوں کو بھی بجلی کی پیداوار کے لئے سرمایہ کاری پر آمادہ کر رہی ہے۔ محمود گروپ آف انڈسٹریز ملتان نے 50 میگاواٹ پیداواری استعداد کا ایک تھرمل یونٹ لگانے کے لئے درخواست پیپکو اتھارٹی کو ارسال کی ہے جس کی منظوری کے بعد یہ گروپ خانیوال میں تھرمل پاور سٹیشن لگائے گا۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ جہاں حکومت بجلی کی پیداوار میں اضافے کے لئے بھرپور وسائل استعمال کر رہی ہے اور مختلف منصوبے شروع کئے جا رہے ہیں۔ وہاں نجی شعبہ بھی اس سیکٹر میں سرمایہ کاری کرے جو کہ نہ صرف وقت کی ضرورت اور قومی خدمت ہے بلکہ منافع بخش کاروبار بھی ہے۔


شعبہ تعلقات عامہ ملتان الیکٹرک پاور کمپنی خانیوال روڈ ملتان سے شائع کیا گیا

# چیف ایگزیکٹو میپکو کا پیغام

میپکو میگ کے اجراء پر، میں میپکو انتظامیہ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اس رسالے کی اشاعت وقت کی ضرورت تھی۔ موجودہ دور ابلاغ کا دور ہے جس میں میڈیا کا کردار اظہر من الشمس ہے۔ میپکو بہ فضل تعالیٰ ملک کی سب سے بڑی ڈسٹری بیوشن کمپنی ہے اور ملک کے 13 اہم اضلاع پر محیط ہے۔ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا بھی میپکو کی تعمیری سرگرمیوں کو بھرپور جگہ دیتا ہے جس میں میپکو کے شعبہ تعلقات عامہ کا بہت اہم کردار ہے لیکن ان سب کے باوجود ایک ایسے رابطے کی جگہ ضرور موجود تھی جو موثر انداز میں مختلف مسائل پر میپکو کا نقطہ نظر واضح طور پر صارفین تک پہنچا سکے۔

میپکو پہلی ڈسٹری بیوشن کمپنی ہے جس نے ماہانہ رسالے کا اجراء کیا ہے۔ اس میگزین کی اشاعت کا مقصد میپکو اور صارفین کے روابط بہتر بنانا ہے۔ میپکو اس میگزین کے ذریعے اپنے صارفین اور عوام الناس کو اپنی ان کاوشوں اور اقدامات سے آگاہ کرنے کی کوشش کرے گی جو وہ صارفین کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لئے اٹھا رہی ہے۔ میپکو وقتاً فوقتاً اخبارات اور الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے اپنے ترقیاتی منصوبوں کے متعلق آگاہی فراہم کرتی ہے مگر یہ رسالہ صارفین اور ملازمین کو میپکو کے اقدامات، منصوبوں اور مختلف شعبوں کی کارکردگی کے بارے میں مربوط معلومات فراہم کرے گا تاکہ میپکو کا ہر کارکن بھی اپنے ادارے کے بارے میں مکمل معلومات رکھتا ہو اور اس کے بارے میں عوام الناس کو بتا سکے۔

میپکو میگ کے پہلے شمارے کے ذریعے میں میپکو افسران اور اہلکاروں کو یہ پیغام دینا چاہتا ہوں کہ وہ اپنے فرائض پوری دلجمعی سے سرانجام دیں۔ صارفین کی توقعات ہماری بہتر کارکردگی کی بدولت ہم سے بڑھتی جا رہی ہیں جنہیں پورا کرنے کے لئے ہمیں دن رات محنت کرنا ہوگی۔

صارفین کے مسائل اور شکایات کا بروقت ازالہ ہماری اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ ہمارا لائن سٹاف دن رات خطروں سے کھیل کر صارفین کو بجلی فراہم کرتا ہے مگر حد سے زیادہ خود اعتمادی حادثات کو جنم دے رہی ہے میری درخواست ہے کہ لائن پر کام کرنے والے اپنی حفاظت کو یقینی بنائیں انہیں کمپنی نے بہترین سیفٹی آلات فراہم کئے ہیں انہیں استعمال کریں اور اپنی جانوں کی حفاظت کریں۔ اس ضمن میں سب ڈویژنل افسران اور یونین



انجینئر گفتار احمد چوہدری چیف ایگزیکٹو میپکو

عہدیداروں پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ لائن سٹاف میں آلات کے لازمی استعمال کا شعور اجاگر کریں۔ سیفٹی ڈائریکٹوریٹ کو بھی ہم نے ہدایات جاری کی ہیں کہ اس معاملے پر بھرپور توجہ دی جائے اور غیر ذمہ داری کے مرتکب افسران و ملازمین کے خلاف سخت محکمانہ کاروائی عمل میں لائی جائے۔

میپکو انتظامیہ صارفین اور ملازمین کے مسائل حل کرنے کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہے۔ میری درخواست ہے کہ میپکو ملازمین بجلی چوری پر کڑی نظر رکھیں یہ وہ مرض ہے جو ہمیں اندر ہی اندر کھوکھلا کر رہا ہے اور محکمے کے لئے زہر قاتل ہے۔ اپنے اردگرد ہر جگہ بجلی چوری کے مرتکب افراد کے خلاف کاروائی کریں۔ میپکو واجبات کی وصولی محکمہ کی بقاء کے لئے ناگزیر ہو چکی ہے ہم اس پر سخت کاروائی کر رہے ہیں۔ میری ریکوری پر مامور ملازمین کو ہدایت ہے کہ وہ اس پر بھرپور توجہ دیں اور کوئی دقیقہ فرو گذاشت نہ کریں۔ کمپنی کے معاملات میں بہتری کے لئے ہم ہر اچھی تجویز پر عمل کرنے کے لئے تیار ہیں۔

میرے اور میرے افسران کے دروازے صارفین کے لئے ہروقت کھلے ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ ہمارے صارفین کے ساتھ اچھے تعلقات ہوں۔ ان اچھے تعلقات کے لئے ہم نے مختلف جہتوں پر کام کیا ہے۔ لوڈ مینجمنٹ کمیٹی کا قیام اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کے ذریعے زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو لوڈشیڈنگ کے مسئلہ پر اظہار خیال اور ان کی تجاویز کے حصول کے لئے کمیٹی میں شامل کیا گیا ہے۔ اس سے گھریلو، کمرشل اور صنعتی صارفین کا میپکو پر اعتماد بحال ہوا ہے۔ اسی طرح میپکو نے طلبہ و طالبات میں بجلی کی بچت کا شعور اجاگر کرنے کے لئے اور انہیں اس مہم میں شامل کرنے کے لئے مختلف سکولوں اور کالجوں میں سیمینار منعقد کرانے کا سلسلہ شروع کیا ہے اس ضمن میں شعبہ تعلقات عامہ اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

اس رسالے کی اشاعت کا مقصد بھی صارفین کے ساتھ مضبوط روابط استوار کرنا ہے کیونکہ صارفین کے تعاون کے بغیر کوئی بھی ادارہ کامیابی سے نہیں چلایا جا سکتا۔ مجھے امید ہے کہ یہ میگزین میپکو اور صارفین کے مابین اچھے تعلقات کو فروغ دے گا اور صارفین کے ذہنوں میں پیدا ہونے والے سوالات کا جواب دے گا۔

★ ★ ★

# ملتان الیکٹرک پاور کمپنی......ایک نظر میں

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) 1998 میں بطور ڈسٹری بیوشن کمپنی معرض وجود میں آئی۔ اس سے قبل یہ ایریا الیکٹرسٹی بورڈ کے طور پر کام کرتی تھی۔ پاکستان الیکٹرک پاور کمپنی (PEPCO) کے زیر انتظام کام



میاں تنویر احمد شیخ (چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز)

کرنے والی 9 ڈسٹری بیوشن کمپنیوں میں سے ایک ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) جنوبی پنجاب کے 3 انتظامی ڈویژن ملتان، بہاولپور اور ڈی جی خان اور ان کے 13 اضلاع ملتان، خانیوال، ساہیوال، پاکپتن، وہاڑی، لودھراں، بہاولپور، بہاولنگر، رحیم یار خان، ڈی جی خان، راجن پور، مظفر گڑھ اور لیہ میں اپنے صارفین کو بجلی کی تقسیم کی ذمہ داری نبھا رہی ہے۔ میپکو اپنے 37 لاکھ 40 ہزار معزز گھریلو، تجارتی، زرعی، صنعتی صارفین کے ساتھ ملک بھر کی ڈسٹری بیوشن کمپنیوں میں بجلی کا سب سے طویل ترین تقسیمی نظام رکھتے ہوئے ملک کی سب سے بڑی ڈسٹری بیوشن کمپنی ہے۔ میپکو ریجن میں قومی اسمبلی کے 50 حلقے جبکہ صوبائی اسمبلی کے 104 حلقہ جات آتے ہیں۔ میپکو ان معزز اراکین اسمبلی کے علاقوں میں بجلی سے متعلقہ ترقیاتی کام مکمل کرتی ہے۔ میپکو کے 17 ہزار 319 افسران وملازمین دن رات اپنے صارفین کو بہتر خدمات اور سہولیات فراہم کرنے کے لئے کوشاں ہیں۔ میپکو کا ہیڈکوارٹر اولیائے کرام کے شہر ملتان کی بارونق اور مصروف ترین خانیوال روڈ پر واقع ہے جو با آسانی ہر صارف کی رسائی میں ہے جبکہ ملتان سرکل کی عمارت متصل ہونے کی وجہ سے صارفین کے مسائل آسانی سے حل کئے جاسکتے ہیں۔ ہیڈکوارٹر کی عمارت کے عقب میں افسران اور ملازمین کی رہائشی کالونی اور 50 بستروں کا جدید سہولیات سے آراستہ واپڈا ہسپتال بھی واقع ہیں۔ کالونی میں ایک خوبصورت جامع مسجد بھی ہے جہاں افسران وملازمین باجماعت نماز پنجگانہ ادا کرتے ہیں۔

انتظامی طور پر کمپنی بورڈ آف ڈائریکٹرز کے تحت کام کرتی ہے۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئرمین اور ارکان مختلف شعبہ ہائے زندگی میں نمایاں مقام رکھتے ہیں اور میپکو انتظامیہ کی ہر معاملے میں رہنمائی کرتے ہیں۔ بورڈ کے چیئرمین ملک کے ممتاز صنعت کار میاں تنویر احمد شیخ ہیں جو گزشتہ 4 سال سے یہ فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ بورڈ کے دیگر ارکان میں چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد، ڈائریکٹر جنرل انرجی مینجمنٹ اینڈ کنزرویشن پیپکو طاہر بشارت چیمہ، ڈائریکٹر جنرل سی سی



طاہر بشارت چیمہ (ممبر میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز)

سی واپڈا اظہر اقبال، چیئرمین کاٹن جنرز ایسوسی ایشن چوہدری اکرم، مثالی کاشتکار ممتاز احمد منیس اور ڈپٹی جوائنٹ سیکرٹری طارق محمود قریشی شامل ہیں۔

میپکو کے انتظامی سربراہ چیف ایگزیکٹو چوہدری گفتار احمد ہیں۔ 1998ء میں جب ملتان ایریا الیکٹریسٹی بورڈ کو ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) میں ڈھالا گیا تو اس کے انتظامی سربراہ کے عہدے کا نام بھی چیئرمین ایریا الیکٹریسٹی بورڈ کی جگہ چیف ایگزیکٹو ملتان الیکٹرک پاور کمپنی رکھا گیا۔ میپکو کے پہلے چیف ایگزیکٹو



انجینئر گفتار احمد چوہدری چیف ایگزیکٹو میپکو

بریگیڈیئر شوکت عثمان تھے اب تک 5 سربراہان اس عہدے پر اپنے فرائض سرانجام دے چکے ہیں۔ موجودہ سربراہ انجینئر گفتار احمد چوہدری ہیں جو کہ چھٹے چیف ایگزیکٹو ہیں اور دسمبر 2008ء میں تعینات ہوئے۔ اس سے قبل وہ حیدرآباد الیکٹرک سپلائی کمپنی میں بطور چیف ایگزیکٹو خدمات سرانجام دے رہے تھے۔ انہوں نے جولائی 1974ء میں واپڈا میں بطور اسسٹنٹ انجینئر الیکٹریسٹی بورڈ شمولیت اختیار کی اور واپڈا کے مختلف شعبہ جات جن میں جی ایس سی، سکارپ، کنسٹرکشن اور آپریشن شامل ہیں میں خدمات سرانجام دے رہے ہیں اور وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔

ایڈمنسٹریشن کا شعبہ میپکو میں ایچ آر اینڈ ایڈمن ڈائریکٹر کی زیرنگرانی کام کرتا ہے۔ اس عہدے پر میاں

افتخار احمد فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے 1972ء میں واپڈا میں شمولیت اختیار کی اور 2008ء میں میپکو میں بطور ایچ آر اینڈ ایڈمن ڈائریکٹر تعینات کیے گئے۔ یہاں آنے سے قبل وہ بطور ڈائریکٹر جنرل (ایس اینڈ جی اے) واپڈا ہاؤس لاہور میں خدمات سرانجام دے رہے تھے۔ ان کے ماتحت شعبوں میں تعلقات عامہ، ایڈمن، ایچ آر ایم، آڈٹ، سیکورٹی اور ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ کام کرتے ہیں۔

میپکو کے مختلف شعبے 5 چیف انجینئرز میں تقسیم کئے گئے ہیں۔ انجینئر محمد مہر خان آپریشن ڈائریکٹر کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں ان کے ماتحت شعبہ کمپیوٹر، شعبہ پلاننگ اور میٹریل مینجمنٹ ڈسٹری بیوشن ہیں۔ انجینئر حافظ اشرف علی ڈائریکٹر کسٹمر سروسز، آپریشن سرکلز اور کمرشل کے امور کی نگرانی کرتے ہیں۔ مانیٹرنگ اینڈ سرویلنس (ایم اینڈ ایس) اور ایم اینڈ ٹی اا اچیف آپریشن ٹی اینڈ جی شفقت اصغر طاہر کے ماتحت ہیں۔ جلال الدین ملک چیف انجینئر ڈویلپمنٹ کے زیر انتظام پراجیکٹ ڈائریکٹر جی ایس سی، او اینڈ ایم (ٹی اینڈ جی) اور



اظہر اقبال (ممبر میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز)

ایم ایم ایس ٹی جی کے شعبے ہیں۔ چیف انجینئر/ٹیکنیکل ڈائریکٹر پرویز اختر کھگہ پراجیکٹ کنسٹرکشن، سول ڈویژن ،او اینڈ ایم ڈسٹری بیوشن اور ای ایل آر کے شعبوں کی نگرانی کرتے ہیں۔ میپکو کے مالی معاملات کی نگرانی فنانس ڈائریکٹر مشتاق حسین بخاری کرتے ہیں۔

میپکو اپنے صارفین کو اپنے 8 آپریشن سرکلز، 30 ڈویژن اور 129 سب ڈویژنوں کے ذریعے 24 گھنٹے بجلی فراہم کررہی ہے اور کسٹمر سروسز سنٹرز اور کمپلینٹ سنٹرز کے ذریعے صارفین کے مسائل اور شکایات کا ازالہ کررہی ہے۔

میپکو کا ڈسٹری بیوشن سسٹم 66KV کے 30 اور 132KV کے 78 گرڈ اسٹیشنوں پر مشتمل ہے جنہیں شعبہ جی ایس او اپنے دو سرکلز، 4 ایس ایس اینڈ ٹی ڈویژن اور پی اینڈ آئی کی دو ڈویژن کے ذریعے کنٹرول کرتا اور آپریشنل رکھتا ہے۔ ان 108 گرڈ اسٹیشنوں پر مختلف استعداد کے 174 پاور ٹرانسفارمرز نصب ہیں اور ان کی مجموعی استعداد 3100 ایم وی اے ہے۔ ان گرڈ اسٹیشنوں سے 880 گیارہ کے وی فیڈرز نکلتے ہیں جن پر نصب ایک لاکھ 7 ہزار ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز کے ذریعے صارفین کو بجلی فراہم کی جارہی ہے۔

میپکو کا گرڈ اسٹیشنوں کو بجلی فراہم کرنے کا نظام 4282 کلومیٹر طویل ٹرانسمیشن لائنوں پر مشتمل ہے جس میں 2803 کلومیٹر 132 کے وی ٹرانسمیشن لائن ہے اور 1474 کلومیٹر 66 کے وی ٹرانسمیشن لائن پر محیط ہے جبکہ ہائی ٹینشن 11 کے وی فیڈرز کی لمبائی 59500 کلومیٹر اور لوٹینشن لائنوں کی کل لمبائی 41000 کلومیٹر ہے۔

میپکو کے گرڈ اسٹیشنوں کی عمارات کی تعمیر تو شعبہ سول ورکس کے ذمہ ہے مگر اس میں آلات اور پاور ٹرانسفارمرز کی تنصیب شعبہ جی ایس سی کے ذمہ ہے جسے حال ہی میں میپکو کے انتظامی کنٹرول میں دیا گیا ہے اور اس کے پراجیکٹ ڈائریکٹر ملتان آفس سے اپنی تین ڈویژنوں کو کنٹرول کرتے ہیں۔

میٹروں کی چیکنگ کے لئے شعبہ ایم اینڈ ٹی 2 سرکلوں کے تحت کام کرتا ہے جبکہ ان کے ذیلی دفاتر 4 ڈویژنوں پر مشتمل ہیں اور ٹرانسفارمر ری کلیمیشن ورکشاپ بھی ان کی نگرانی میں کام کرتی ہے۔

نئے دیہات کو بجلی کی فراہمی میپکو کے شعبہ پراجیکٹ کنسٹرکشن کے ذمہ ہے جو اپنے ایک سرکل، 8 ڈویژن اور 17 سب ڈویژن کے ذریعے میپکو ریجن میں نئے دیہات میں بجلی پہنچانے کا اہم فریضہ سرانجام دے رہا ہے۔ شعبہ پراجیکٹ کنسٹرکشن انرجی لاس ریڈکشن (ای ایل آر) اور ڈی او پی کے تحت بھی ترقیاتی کام مکمل



ممتاز احمد خان منیس (ممبر میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز)

کرتا ہے رواں مالی سال میں 412 ملین روپے کے منصوبے مکمل کئے جائیں گے جبکہ نئے دیہات کو بجلی کی فراہمی کے لئے رواں مالی سال میں 3268 ملین روپے کی لاگت سے 2600 نئے دیہاتوں کو بجلی کی فراہمی اور دیگر 1052 سکیمیں مکمل کی جائیں گی۔ جبکہ رواں مالی سال میں ریجن بھر کے صارفین کو بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی فراہم کرنے کے لئے 10 کروڑ تین لاکھ روپے کی لاگت



چیف انجینئرز میپکو: حافظ اشرف علی، محمد مہر خان، شفقت اصغر طاہر، جلال الدین ملک، پرویز اختر کھگہ اور فنانس ڈائریکٹر میپکو سید مشتاق حسین بخاری

سے 20 نئے ہائی ٹینشن (ایچ ٹی) فیڈرز نصب کئے گئے ہیں۔

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) نے ہائی ٹرانسمیشن لائن لاسز کو کم کرنے کے لئے متعدد اقدامات اٹھائے ہیں جن میں نئے گرڈ اسٹیشنوں کا قیام، نئے پاور ٹرانسفارمرز کی تنصیب اور موجودہ پاور ٹرانسفارمرز کی توسیع، کپیسٹرز کی تنصیب اور نئی لائنوں کا بچھانا شامل ہے ان اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں۔ میپکو نے مالی سال 09-2008ء کے دوران ڈسٹری بیوشن لاسز میں اعشاریہ 8 فیصد کمی کی ہے۔

وفاقی وزیر پانی و بجلی کی ہدایت پر نادہندگان سے بجلی کے واجبات کی وصولی کے لئے شروع کی گئی مہم میں ماہ جولائی 2008ء سے جنوری 2009ء کے دوران



چوہدری محمد اکرم (ممبر میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز)

پرائیویٹ صارفین سے 27948 ملین روپے کی رقم وصول کی گئی جس کا تناسب 93.09 فیصد رہا جبکہ گورنمنٹ صارفین سے 85 فیصد کی شرح سے 1449.90 ملین روپے وصول کئے گئے۔ میپکو کی ریکوری کی مجموعی شرح 92.65 فیصد رہی۔ واضح رہے کہ میپکو نے پیپکو اتھارٹی کی طرف سے دیئے گئے ٹارگٹ سے زائد کے واجبات وصول کئے ہیں۔ پیپکو اتھارٹی کے احکامات کی روشنی میں میپکو نے ریکوری مہم جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے اور اس سلسلہ میں میپکو ریجن کے تمام فیلڈ افسران کو ہدایات جاری کی ہیں کہ وہ نادہندگان سے میپکو واجبات کی وصولی کے لئے ہر ممکن وسائل بروئے کار لائیں اور اس ضمن میں کوتاہی برتنے والے میپکو افسران کے خلاف محکمانہ قوانین کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔

میپکو نے ٹیوب ویل اور انڈسٹریل صارفین کے کنکشنز پر کپیسٹرز لگانے کی ہدایات جاری کی ہیں اور اس سلسلہ میں 7.5 کے وی اے آر کے 6250، دس کے وی اے آر استعداد کے 6250 اور 12.5 کے وی اے آر کے 6250 نئے کپیسٹرز خرید لئے گئے ہیں۔ یہ کپیسٹرز نئے صارفین کے کنکشنوں پر نصب کئے جائیں گے جس سے وولٹیج اور ٹیکنیکل لاسز کے مسائل حل ہوں گے۔ اس ضمن میں 5، 15 اور 20 کے وی اے آر کے کپیسٹرز خریدنے کا منصوبہ بھی زیر غور ہے۔

خراب اور جلے ہوئے میٹرز کی تبدیلی کے لئے خصوصی پروگرام شروع کیا ہے اس سلسلہ میں میپکو کمرشل ڈائریکٹوریٹ نے تمام منیجرز آپریشن کو ہدایات جاری کی ہیں کہ وہ تمام خراب میٹرز کا اندراج بلنگ فائل پر CP-90 کے ذریعے کمپیوٹر میں درج کرائیں تاکہ صارفین کو کسی بھی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے اور میٹر فوری طور پر تبدیل کئے جائیں۔ میپکو نے مالی سال 09-2008ء کے دوران آٹھوں سرکلوں میں 60372 سنگل فیز میٹرز، 3605 تھری فیز میٹرز اور 297 ایم ڈی آئی میٹرز تبدیل کردیئے ہیں۔

پیپکو اتھارٹی نے رواں مالی سال 09-200ء کے دوران میپکو ریجن میں 2 لاکھ 72 ہزار 250 نئے کنکشن فراہم کرنے کا ہدف مقرر کیا ہے، جس میں سے میپکو نے ایک لاکھ 2 ہزار 8 سو 14 نئے کنکشن فراہم



شہباز احمد خان (سیکرٹری میپکو)

کردیئے ہیں۔ ان میں 92550 گھریلو، 7038 کمرشل، 1578 انڈسٹریل، 1565 ٹیوب ویل اور 83 دیگر کنکشن شامل ہیں۔


★ ★ ★

# سرپرست اعلیٰ
# میاں افتخار احمد کا پیغام

میپکو میگ کے پہلے شمارے کی اشاعت پر میں بطور خاص چیف ایگزیکٹو میپکو کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا جنہوں نے اس رسالہ کی افادیت کو سمجھا اور اس کی اشاعت کی منظوری دی۔ میپکو انتظامیہ اپنے صارفین کے ساتھ ساتھ ملازمین کی فلاح و بہبود اور ان کے کیریئر میں بہتری لانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کرتی ہے مگر اکثر اوقات ان اقدامات کی مناسب تشہیر اور ذیلی دفاتر تک ان کی رسائی نہ ہونے کے باعث ان کی افادیت کم ہوجاتی ہے۔ میپکو میگ کی اشاعت کا ایک مقصد انتظامیہ کے اقدامات کو موثر انداز میں تمام ملازمین تک پہنچانا ہے تاکہ تمام افراد کمپنی کے معاملات سے نہ صرف آگاہ رہ سکیں بلکہ ان کے لئے شائع کی گئی معلومات سے بھی مستفید ہوسکیں۔ ہماری کوشش ہوگی کہ اتھارٹی اور میپکو کی جانب سے کئے جانے والے اہم فیصلے اور اطلاعات اس میں شائع کی جائیں۔

میپکو میگ کی اشاعت کا دوسرا بڑا مقصد صارفین کو میپکو کے مختلف شعبوں کی کارکردگی سے آگاہ کرنا ہے۔ میپکو اپنے صارفین کی سہولت اور ان کی خدمت کے لئے مسلسل کام کر رہی ہے۔ یہ رسالہ ان تمام سرگرمیوں کا احاطہ کرے گا جن میں عوام الناس کی دلچسپی کی چیزیں موجود ہوں۔ میپکو کھیلوں کے شعبہ میں اپنے بھرپور وسائل کے ساتھ سرمایہ کاری کر رہی ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ ملک میں کھیلوں کے فروغ اور ان کی آبیاری میں بڑا حصہ واپڈا کا ہے اور میپکو اس مشن میں پوری تندہی سے حصہ لے رہی ہے۔ مختلف کھیلوں میں میپکو کے کھلاڑی واپڈا اور پاکستان کی نمائندگی کر رہے ہیں اور اعزازات حاصل کر رہے ہیں۔ یہ رسالہ ان کی کامیابیوں کو بھی عام ملازمین اور صارفین تک موثر انداز میں پہنچائے گا۔

شعبہ تعلقات عامہ نہایت اہم فرائض سرانجام



میاں افتخار احمد (ایچ۔ آر اینڈ ایڈمن ڈائریکٹر میپکو)

دے رہا ہے مگر عام ملازمین تک اس کی کارکردگی نہیں پہنچتی یہ رسالہ بھی شعبہ تعلقات عامہ کی کاوشوں کا نتیجہ ہے اور اس کے ذریعے افسران و ملازمین اس شعبہ کی کارکردگی کی ایک جھلک دیکھ سکیں گے۔ میپکو کا شعبہ ٹرانسپورٹ بھی نہایت اہم خدمات سرانجام دے رہا ہے اور میپکو کی 750 سے زائد گاڑیوں کی دیکھ بھال کر رہا ہے یہ تمام شعبے ایڈمن ڈائریکٹوریٹ کے ماتحت کام کرتے ہیں جن کی کاوشوں سے عام صارفین بلکہ میپکو کے بیشتر ملازمین بھی آگاہ نہیں۔ یہ رسالہ ان کو بھی منظر عام پر لائے گا بلکہ ہر شمارے میں مختلف شعبوں کو سامنے لایا جائے گا جس سے ان شعبوں کی کارکردگی سامنے آئے گی اور ان کی حوصلہ افزائی بھی ہوگی تاکہ وہ مزید بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرسکیں۔

اس رسالہ کی پہلی اشاعت پر میں شعبہ تعلقات عامہ کو مبارکباد دینا چاہوں گا جس نے اس اہم کام کا بیڑا اٹھایا ہے۔ ماہانہ بنیادوں پر شائع ہونے والے میگزین کا معیار قائم رکھنے کے لئے شعبہ تعلقات عامہ کو سخت محنت کرنا ہوگی۔ ان سطور کی وساطت سے میں تمام میپکو ملازمین کو دعوت دوں گا کہ وہ اپنے میگزین کے لئے اچھی، جامع اور بامقصد تحریریں ارسال کریں۔ جو شامل اشاعت کی جائیں گی اور میگزین میں مزید بہتری لانے کے لئے اپنی تجاویز بھی ارسال کریں۔

۔۔۔شکریہ۔۔۔

## اعلانات

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کے چیف انجینئر/ڈائریکٹر آپریشن انجینئر شفقت اصغر طاہر نے اپنی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔ ان کے دفتر کے فون نمبر 9210006 فیکس نمبر 9210350

صارفین کسی بھی شکایت کے ازالے کے لئے ان نمبرز پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

مینیجر آپریشن میپکو سرکل بہاولپور انجینئر نوید انجم آرائیں نے اپنی ذمہ داریاں سنبھال کر کام شروع کردیا ہے۔ صارفین اپنی شکایات کے ازالے کے لئے ان کے دفتر کے فون نمبر 062-9250109 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) لیہ ڈویژن کے ڈپٹی منیجر آپریشن انجینئر خالد نذیر نے 20 فروری 2009ء سے اپنی ذمہ داریوں کا چارج سنبھال لیا ہے۔ صارفین کسی بھی شکایت کے ازالے کے لئے ان کے دفتر کے فون نمبر 0606-411712، فیکس نمبر 0606-411195 اور موبائل نمبر 0300-6368035 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) اتھارٹی نے گارڈن ٹاؤن اور انڈسٹریل اسٹیٹ سب ڈویژنوں کو نئے سب ڈویژن کوڈ الاٹ کردیئے ہیں۔ گارڈن ٹاؤن سب ڈویژن کو 5138 کوڈ کے ساتھ میپکو سٹی ڈویژن کے اور انڈسٹریل اسٹیٹ سب ڈویژن کو 5118 کوڈ کے ساتھ میپکو کینٹ ڈویژن کے ماتحت کردیا ہے۔

# دسمبر 2009 تک پیپکو 4600 میگاواٹ بجلی کی پیداوار کے منصوبے مکمل کرے گی: طاہر بشارت چیمہ ڈی جی پیپکو

## میپکو بجلی کی بچت کے شعور کو فروغ دینے کے لئے عملی اقدامات کر رہی ہے، چیف ایگزیکٹو میپکو گفتار چوہدری

ملک میں بجلی کی طلب ورسد کی صورتحال اور انرجی کنزرویشن کے لئے پیپکو کی جانب سے اٹھائے گئے اقدامات کے بارے میں بریفنگ دینے کے لئے میپکو اتھارٹی نے انرجی کنزرویشن سیمینار کا انعقاد کیا جس میں خصوصی طور پر طاہر بشارت چیمہ اور اظہر اقبال نے شرکت کی اور اپنے پرمغز مقالے پیش کئے۔ سیمینار دو سیشنز میں منعقد ہوا۔ پہلے سیشن کے مہمان خصوصی چیئر مین بورڈ آف ڈائریکٹر میپکو میاں تنویر احمد شیخ تھے جبکہ دوسرے سیشن کی صدارت چیئر مین محمود گروپ آف انڈسٹریز خواجہ محمد یونس نے کی۔ تقریب کی میزبانی کے فرائض شہباز احمد خان نے سرانجام دیئے۔

پاکستان الیکٹرک پاور کمپنی (پیپکو) کے ڈائریکٹر جنرل

## بجلی کی بچت ہی لوڈشیڈنگ سے فوری نجات کا ذریعہ ہے
## انرجی سیور عام بلب کے مقابلے میں 70 فیصد تک بجلی بچاتے ہیں

انرجی مینجمنٹ اینڈ کنزرویشن انجینئر طاہر بشارت چیمہ نے کہا کہ ملک میں بجلی کی لوڈشیڈنگ ختم کرنے کے لئے 2425 میگاواٹ کے 12 منصوبے جون 2009ء تک جبکہ 2180 میگاواٹ بجلی کی پیداوار کے 10 منصوبے دسمبر 2009ء تک مکمل کر لئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ شوگر ملوں اور ٹیکسٹائل ملوں میں ٹربائنیں، جنریٹرز اور پریشر بوائلرز لگا کر ایک ہزار میگاواٹ بجلی پیدا کی جا سکتی ہے جبکہ ملک بھر میں ہورڈنگ بورڈز بند ہونے سے 1 5 0 میگاواٹ بجلی کی بچت ہوگی۔ ملتان میں 1 9 2 میگاواٹ، گدو میں 1 1 0، سیالکوٹ میں 150 جبکہ دیگر دو مقامات پر رینٹل پاور پلانٹس کی تنصیب کا کام جلد مکمل کر کے ان سے بجلی کی پیداوار شروع کر دی جائے گی۔ گھریلو اور کمرشل صارفین ملکی بجلی کا 6 2 فیصد حصہ، انڈسٹریز 1 8 فیصد اور ٹیوب ویل صارفین 17 فیصد بجلی استعمال کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ادائیگیوں کا توازن نہ ہونے کی وجہ سے پیپکو کو بینکوں



ملتان۔ ڈائریکٹر جنرل پیپکو طاہر بشارت چیمہ، ڈی جی واپڈا اظہر اقبال، چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد اور چیئر مین محمود گروپ خواجہ یونس "بجلی بچاؤ سیمینار" سے خطاب کر رہے ہیں جبکہ سیکرٹری کے فرائض شہباز احمد خان سرانجام دے رہے ہیں۔ جنرل منیجر محمود گروپ نعیم پارس بھٹی، ڈپٹی منیجرز کیپٹن (ر) سرفراز احمد اور سعید احمد ناصر بریفنگ دے رہے ہیں۔

سے قرضہ لینا پڑ رہا ہے۔ موجودہ حکومت نے توانائی بحران کے خاتمے کے لئے انقلابی اقدامات کئے ہیں جس کے مثبت نتائج برآمد ہونا شروع ہو گئے ہیں۔ پرائیویٹ پاور انفراسٹرکچر بورڈ (پی پی آئی بی) کی کارکردگی اس حوالے سے غیر معمولی ہے۔ گزشتہ 15 سال میں صرف پرائیویٹ سیکٹر نے بجلی پیدا کرنے کے شعبوں میں سرمایہ کاری کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میپکو کی جانب سے توانائی بچاؤ سیمینار کا انعقاد خوش آئند ہے۔ پیپکو کی ڈسٹری بیوشن کمپنی کی جانب سے شعور اور آگاہی کی مہم ایک حوصلہ افزاء اقدام ہے۔ چار سال قبل ملک میں انرجی سیور بلب کی درآمد 7.5 ملین تھی جو سال 08-2007ء میں بڑھ کر 3 کروڑ سے تجاوز کر گئی ہے۔ انرجی سیور بلب کے استعمال میں اضافہ صارفین کی جانب سے بجلی بچت کے رجحان میں اضافے کی نشاندہی کرتا ہے۔ حکومت نے بجلی بحران کے حل کے لئے پالیسی تیار کر لی ہے اور آئندہ چھ ماہ میں ادائیگیوں کو ممکن بنانے کے لئے اقدامات تجویز کر لئے گئے ہیں۔ رواں سال کے آخر تک بجلی بحران پر قابو پا لیا جائے گا جبکہ لوڈشیڈنگ کے دورانیے میں کمی کے لئے اقدامات شروع کر دیئے گئے ہیں۔ پیپکو کی تجویز پر پاکستان سٹینڈرڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی نے نئی پالیسی مرتب کر لی ہے اور اب مارکیٹ میں سٹینڈرڈ الیکٹرک مصنوعات ہی آئیں گی۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت نے نیشنل انرجی کنزرویشن کونسل تشکیل دی ہے جس کے چیئر مین وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی ہیں۔ رواں ماہ اس کونسل کے اجلاس میں اہم فیصلے متوقع ہیں۔ جنرل منیجر (سی سی سی) واپڈا اظہر اقبال نے کہا کہ میپکو کی جانب سے توانائی بچاؤ سیمینار کا انعقاد انتہائی خوش آئند ہے۔ حکومت اور پیپکو بجلی کے استعمال میں کفایت شعاری کی قومی مہم چلا رہی ہے اس کے حوصلہ افزاء نتائج برآمد ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بجلی بحران کتنا بڑا ہی کیوں نہ ہو اس پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ سسٹم میں ملنے والی بجلی تمام صارفین میں برابر تقسیم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2030ء میں ملک میں بجلی کی ڈیمانڈ ایک لاکھ 13 ہزار 695 میگاواٹ ہوگی اور اسی حساب سے بجلی کی پیداوار بھی کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ چائنہ میں 70.17 فیصد بجلی کوئلہ سے پیدا ہو رہی ہے، انڈیا میں 56.16 فیصد، یو ایس اے

میں24.38 فیصد جبکہ پاکستان میں کوئلہ کو استعمال میں لاکر صرف اعشاریہ 16 فیصد بجلی پیدا کی جارہی ہے ٹیوب ویلوں کو دی جاسکے۔چیئرمین محمود گروپ آف انڈسٹریز خواجہ یونس نے اس موقع پر کہا کہ ملکی معیشت کے



ملتان: انرجی کنزرویشن سیمینار میں چیئرمین بی اوڈی میپکو تنویر احمد شیخ ،مثالی کاشتکار ممتاز منیس چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد، ڈی جی واپڈا اظہر اقبال اور دیگر میپکو افسران شریک ہیں۔

حالانکہ ملک میں وافر مقدار میں کوئلہ موجود ہے۔انہوں نے کہا کہ صارفین بجلی کی بچت کے لئے عام بلب کی جگہ لئے بجلی کا ہونا بہت ضروری ہے۔حکومت بجلی کی بچت کے لئے عام بلب کی صنعت کو بند کرے اور انرجی سیور بلب کو

## ملک انرجی سیورکے استعمال میں اضافہ ہورہاہے ،جوکہ خوش آئندعمل ہے

### 4سال قبل ملک میں انرجی سیورکی درآمد7.5ملین تھی ،جو 2008 میں 3کروڑسے تجاوزکرگئی

انرجی سیور بلب کا استعمال کریں۔آسٹریلیاء اور امریکہ نے انرجی سیور بلب کے فروغ کے لئے اپنے ممالک میں عام بلب بند کروادیئے ہیں جبکہ ہمارے ملک میں ابھی تک یہ بلب عام استعمال میں ہیں۔انہوں نے کہا کہ ماضی میں منصوبہ بندی کے فقدان نے بجلی کا بحران پیدا کیا لیکن اب اس پر ہنگامی بنیادوں پر قابو پایا جارہا ہے۔چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میپکو نے بجلی کی بچت کو فروغ دینے کے لئے اقدامات کئے ہیں۔تکنیکی وفنی نقصانات اور بجلی چوری پر قابو پانے کے ساتھ ساتھ صارفین میں بجلی کی بچت کا شعور اجاگر کرنے کے لئے خصوصی مہم چلائی جارہی ہے۔انہوں نے سیمینار میں موجود تمام منیجرز، ڈپٹی منیجر آپریشن اور اسسٹنٹ منیجرز کو ہدایت کی کہ صارفین کو بجلی بچت کے طریقوں سے آگاہ کریں تاکہ بچائی گئی بجلی ملکی صنعت اور فروغ دے۔سیمینار سے جنرل منیجر محمود گروپ آف انڈسٹریز نعیم پارس بھٹی، ڈپٹی منیجر میپکو کیپٹن (ر) سرفراز احمد خان، مرزا محمد شریف اور سعید احمد ناصر نے خطاب کیا جبکہ سیکرٹری کے فرائض کمپنی سیکرٹری میپکو شہباز احمد خان نے ادا کئے۔اس موقع پر میپکو کے تمام چیف انجینئرز، ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی، تمام منیجرز، ڈپٹی منیجرز اور اسسٹنٹ منیجرز بھی موجود تھے۔

★ ★ ★

# اعزازات

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) ریجنل ٹریننگ سنٹر کے



لائن مین سیکنڈ سے لائن مین فرسٹ کے محکمانہ ترقی امتحان 2009ء میں ملتان کے قاری رشید احمد نے پہلی پوزیشن حاصل کی ہے۔رشید احمد نے 90 فیصد نمبر لئے ہیں اور ریجن بھر میں نمایاں کامیابی حاصل کی۔

★ ★ ★



ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) سول ورکس ڈویژن کے سب انجینئر راؤ محمد افضل صابر نے واپڈا کے زیر اہتمام ہونے والے محکمانہ ترقی امتحان میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے۔سب انجینئر بنیادی سکیل 11 سے جونیئر انجینئر (سول) واٹرونگ بنیادی سکیل 17 کے امتحان 2009ء میں راؤ افضل نے 72 فیصد نمبر حاصل کر کے پہلی پوزیشن حاصل کی جس پر میپکو اتھارٹی نے انہیں ایک ایڈوانس انکریمنٹ دینے کا اعلان کیا ہے۔20 تا 22 جنوری 2009ء کو ہونے والے امتحان میں پورے واپڈا سے کل 57 امیدواروں نے شرکت کی۔

★ ★ ★

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) ریجنل ٹریننگ سنٹر کے زیر اہتمام لائن سپرینٹنڈنٹ سیکنڈ سے لائن سپرینٹنڈنٹ



فرسٹ کے محکمانہ ترقی کے امتحان میں شعبہ پی اینڈ ڈی میپکو ملتان کے محمد اکرام ولد اللہ وسایا نے پہلی پوزیشن حاصل کی ہے۔رول نمبر ایک کے تحت امتحان دیتے ہوئے محمد اکرام نے 76 فیصد نمبر لے کر یہ اعزاز حاصل کیا ہے۔

★ ★ ★

### جوائنٹ ورکس کونسل ملازمین کے مسائل کے حل میں معاون ثابت ہورہی ہے: خورشید خان

# مہلک حادثات کے ذمہ داروں کو سخت سزائیں دی جائیں گی: چیف ایگزیکٹو

### میپکو انتظامیہ ملازمین کے مسائل تندہی سے حل کررہی ہے' یونین اور انتظامیہ کا تعاون کمپنی کی ترقی کی کنجی ہے: میاں افتخار احمد ایچ آر ایڈمن ڈائریکٹر

چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد نے کہا ہے کہ فیلڈ میں حادثات کی وجہ سے قیمتی انسانی جان ضائع ہونے کی صورت میں متعلقہ سب ڈویژن کے ایس ڈی او اور لائن سپریٹنڈنٹ کو فوری طور پر معطل کردیا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے میپکو ہیڈکوارٹر ملتان میں منعقدہ جوائنٹ ورکس کونسل کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ یونین انتظامیہ دفاتر میں اپنا شارپ اسٹیورڈ مقرر کرے تاکہ ملازمین کے مسائل مقامی طور پر حل ہوسکیں۔ انہوں نے کہا کہ ترقی ہر ملازم کا حق ہے اور ملازمین کو ترقیاں دینے کے لئے اپریل 2009ء میں پروموشن بورڈ منعقد ہوگا تمام ملازمین کو سنیارٹی کے لحاظ سے ترقی دی جائے گی جبکہ عرصہ دراز سے ایک ہی سیٹ پر کام کرنے والے ملازمین کو بھی سپیشل ٹریننگ کرواکر ترقی دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ نان میٹرک ڈیلی ویجز ملازمین کو بطور اسسٹنٹ لائن مین مستقل کرنے کے لئے بورڈ آف ڈائریکٹرز سے جلد منظوری لے لی جائے گی۔ چیف ایگزیکٹو نے کہا کہ میپکو ملازمین نے جس طرح گزشتہ مہینوں میں اچھے رزلٹ دیئے ہیں مجھے یقین ہے کہ وہ مستقبل میں بھی اسی طرح محنت سے ریکوری بڑھائیں گے اور لائن لاسز مزید کم کریں گے۔ اس موقع پر سینئر منیجر لیبر اینڈ لیگل ویلفیئر پیپکو شبیر احمد نے کہا کہ انڈسٹریل ریلیشن 2008ء کے تحت ملازمین کے مسائل حل کرنے کے لئے ورکس کونسل بنادی گئی ہے اور تمام کمپنیوں کے ملازمین کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں گے۔ پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک سنٹرل لیبر یونین کے جنرل سیکرٹری خورشید احمد نے اس موقع پر کہا کہ پیپکو (واپڈا) ایک قومی ادارہ ہے جس کے مزدوروں کا ملک



چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد جوائنٹ ورکس کونسل کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں، اس موقع پر ہائیڈرو یونین کے سیکرٹری جنرل خورشید احمد خان ودیگر یونین عہدیداران اور میپکو افسران موجود ہیں

کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے میں مثالی کردار ہے۔ بجلی ہر گھر کی ضرورت ہے تمام صارفین کفایت شعاری کا استعمال

### ریٹائر ہونے والے ملازمین میں واجبات کے چیک تقسیم کرنے کے لئے ہر ماہ میپکو ہیڈکوارٹر میں تقریب منعقد کی جائے گی

کرکے بجلی کی بچت میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ انتظامیہ اور یونین کو یک جان ہوکر کام کرنا چاہیئے اور ملازمین صارفین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں۔ انہوں نے چیف ایگزیکٹو میپکو سے مطالبہ کیا کہ کسٹمر سروسز سنٹرز کو مزید فعال بنایا جائے تاکہ صارفین کے تمام مسائل ایک ہی جگہ حل ہوجائیں اور موسم گرما میں کسی مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ فیلڈ میں کام کرنے والے ملازمین کو بجلی چوری پکڑنے پر انعامی رقم دی جائے۔ سب ڈویژنل دفاتر میں فرنیچر فراہم کیا جائے۔ ان پر چیف ایگزیکٹو نے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ بجلی چوری پکڑنے اور جرمانہ وصول کرنے کی صورت میں انعامی رقم ضرور دی جائے گی۔ انہوں نے میپکو انتظامیہ کو ہدایت کی کہ میپکو دفاتر میں ضروری فرنیچر فراہم کیا جائے۔ چیف ایگزیکٹو میپکو سے ملازمین کے مسائل کے حل کے لئے دیگر کئی مطالبات پر موقع پر ہی احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر ایچ آر اینڈ ایڈمن ڈائریکٹر میاں افتخار احمد نے کہا کہ فروری 2009ء سے ریٹائر ہونے والے ملازمین کے لئے تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا اور ان کو پنشن کے چیک بھی دیئے جائیں گے۔ اجلاس میں میپکو کی طرف سے منیجر ایچ آر ایم محمد نعیم اللہ، چیف انجینئر محمود شاہ، منیجر کارپوریٹ اکاؤنٹس میاں انصار احمد، منیجر لیگل راجہ اشتیاق احمد، ڈپٹی منیجر (پبلک ریلیشنز) جمشید نیازی، ڈپٹی منیجر سیفٹی طارق جاوید جبکہ یونین رہنماؤں ملک سعید احمد، سجاد شاہ، مرزا نوید بیگ، غلام رسول گجر و دیگر نے شرکت کی۔

★ ★ ★

# نئے گرڈ اسٹیشنوں کی تعمیر و تنصیب میپکو کی اولین ترجیح

## ملتان میں 4 گرڈ اسٹیشنوں کی تعمیر کی ابتدائی تیاریاں مکمل

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) اپنے صارفین کو بجلی کی بہتر اور بلاتعطل فراہمی کے لئے اپنے ٹرانسمیشن اور ڈسٹری بیوشن نظام کو موثر اور مضبوط بنانے کے لئے مسلسل جدوجہد کر رہی ہے۔ میپکو کا بجلی کی تقسیم کا نظام 108 گرڈ اسٹیشنوں پر مشتمل ہے۔ ان گرڈ اسٹیشنوں کی استعداد کو بڑھانے، ان پر لوڈ کو تقسیم کرنے اور نئے گرڈ اسٹیشن بنانے کے لئے میپکو نے ایک ہمہ جہتی پروگرام شروع کر رکھا ہے۔ 6thایس ٹی جی کے اس پروگرام کے تحت میپکو رواں مالی سال میں 24 مختلف منصوبے مکمل کرے گی۔ ان منصوبوں پر مجموعی طور پر ایک ارب 22 کروڑ 54 لاکھ 59 ہزار روپے لاگت آئے گی۔ ملتان الیکٹرک پاور کمپنی کے ملتان شہر کے لئے تجویز کردہ 6 گرڈ اسٹیشنوں میں سے 4 پر رواں مالی سال میں کام شروع ہوگیا ہے۔ 132KV قاسم باغ، سورج میانی، واپڈا ٹاؤن اور لاڑ پر ابتدائی تعمیراتی کام شروع کردیا گیا ہے ان میں سے ہر ایک گرڈ اسٹیشن کی استعداد 52 ایم وی اے ہوگی۔

جنوری 2009ء سے 30 جون 2009ء تک 66KV دنیاپور، 66KV بوریوالہ اولڈ اور 66KV جلال پور پیروالہ گرڈ اسٹیشنوں کی استعداد کار بڑھا کو 132KV کیا جائے گا ان تین منصوبوں پر مجموعی طور پر 18 کروڑ 24 لاکھ 73 ہزار روپے لاگت آئے گی۔ 132KV رحیم یار خان سیکنڈ، چوک اعظم، گڑھا موڑ، جامپور، وہاڑی، لودھراں، سمہ سٹہ، میلسی، فیروزہ اور کوٹ سلطان گرڈ اسٹیشنوں میں موجودہ ٹرانسفارمرز کے ساتھ ساتھ مزید پاور ٹرانسفارمرز بھی نصب کئے جائیں گے ان پر 43 کروڑ 35 لاکھ 76 ہزار روپے لاگت آئے گی جبکہ 132KV شیخ فضل، میاں چنوں، لودھراں، ساہیوال اولڈ، عارفوالہ، خانیوال، رحیم یار خان فرسٹ اور سمہ سٹہ گرڈ اسٹیشنوں میں موجود پاور ٹرانسفارمرز کی استعداد کار میں مزید اضافہ کیا جائے گا



ان 8 منصوبوں کی تکمیل پر 39 کروڑ 63 لاکھ روپے لاگت آئے گی۔ نئے اور پرانے گرڈ اسٹیشنوں کو بجلی کی فراہمی بہتر بنانے کے لئے ٹرانسمیشن لائنوں میں اضافہ کیا جا رہا ہے اس سلسلہ میں 132KV لودھراں سے جلال پور پیروالہ تک 39 اعشاریہ 150 کلومیٹر، بہاولنگر سے چشتیاں تک 46 اعشاریہ 450 کلومیٹر اور لاڑ گرڈ تک ڈیڑھ کلومیٹر طویل ٹرانسمیشن لائنیں بچھائی جائیں گی ان پر مجموعی طور پر 21 کروڑ 31 لاکھ 10 ہزار روپے لاگت آئے گی۔

میپکو نے رواں مالی سال کے دوران صارفین کو بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی فراہم کرنے کے لئے گرڈ اسٹیشنوں کے مختلف 10 منصوبے مکمل کئے ہیں جبکہ 11KV استعداد کے 40 کپیسٹرز بنک نصب کئے ہیں ان پر مجموعی طور پر 47 کروڑ 47 لاکھ 71 ہزار روپے کی لاگت آئی ہے۔ 66KV دنیاپور گرڈ اسٹیشن کی استعداد کار بڑھا کر 132KV کی گئی ہے اس پر 3 کروڑ 41 لاکھ 25 ہزار روپے لاگت آئی ہے۔ 66KV جلال پور پیروالہ، 66KV کروڑ لعل عیسن، 66KV مروٹ، 132KV لڈن، 132KV مخدوم رشید، 132KV پاکپتن گرڈ اسٹیشنوں میں اضافی پاور ٹرانسفارمرز نصب کئے گئے ہیں ان پر مجموعی طور پر 14 کروڑ 23 لاکھ 99 ہزار روپے لاگت آئی ہے۔ 132KV بوسن روڈ ملتان، کہروڑ پکا اور چیچہ وطنی گرڈ اسٹیشنوں میں نصب پاور ٹرانسفارمرز کی استعداد کار میں اضافہ کیا گیا ہے ان پر مجموعی طور پر 14 کروڑ 8 لاکھ 88 ہزار روپے لاگت آئی ہے۔ جی ایس او سرکل ملتان اور ساہیوال کے زیر انتظام 132KV چوک اعظم، ہڑپہ اور 66KV جلال پور پیروالہ گرڈ اسٹیشنوں میں دو کروڑ 87 لاکھ 90 ہزار روپے سے مختلف منصوبے مکمل کئے ہیں۔ 220KV نیو مظفر گڑھ گرڈ اسٹیشن سے 132KV ڈی جی خان گرڈ اسٹیشن تک 4 کلومیٹر اور 132KV ایس ڈی ٹی فیڈ سے بوریوالہ اولڈ تک 3.14 کلومیٹر طویل ٹرانسمیشن لائنیں نصب کی ہیں ان پر 4 کروڑ 34 لاکھ 54 ہزار روپے لاگت آئی ہے۔ میپکو نے ریجن کے مختلف علاقوں میں 8 کروڑ 51 لاکھ 15 ہزار روپے کی لاگت سے 11KV استعداد کار کے 40 کپیسٹرز بینک نصب کئے ہیں۔

★ ★ ★

# ریٹائر ملازمین کمپنی کا اثاثہ ہیں ان کے تجربے سے فائدہ اٹھائیں گے: سی ای او

## ریٹائر ہونے والے ملازمین کو واجبات کی فوری ادائیگی اولین ترجیح ہے: میاں افتخار

چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد نے کہا ہے کہ ریٹائر ہونے والے ملازمین کمپنی کا اثاثہ ہیں اور انہیں اسی طرح سہولیات کی فراہمی جاری رہے گی جس طرح ملازمت کے دوران تھی۔ انہوں نے کہا کہ میپکو کوشش کرے گی کہ اپنے ریٹائر ہونے والے ملازمین کے تجربے سے فائدہ اٹھائے۔ یہ بات انہوں نے ریٹائر ہونے والے میپکو ملازمین کے لئے میپکو ہیڈ کوارٹر میں منعقدہ تقریب "تقسیم چیک واجبات اور انعامات" سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے ریٹائر ہونے والے ملازمین سے کہا کہ آپ سب لوگ مبارکباد کے مستحق ہیں کہ باعزت طور پر اپنی سروس پوری کر کے جا رہے ہیں۔ انہوں نے میپکو افسران کو ہدایات جاری کیں کہ ریٹائر ہونے والے ملازمین کی خدمات کو یاد رکھتے ہوئے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ہیومن ریسورسز اینڈ مینجمنٹ میپکو میاں افتخار احمد نے کہا کہ ملازمت میں آنے والے ہر شخص کو ایک دن ریٹائر ہو کر گھر جانا ہوتا ہے۔ چیف ایگزیکٹو میپکو کی ہدایت پر اس تقریب کا انعقاد کیا گیا ہے تاکہ ملازمین کو واجبات فوری طور پر ادا کئے جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ میپکو انتظامیہ ملازمین کی فلاح و بہبود کے لئے کوشاں رہے گی۔



فروری 2009 میں ریٹائرڈ ملازمین میں تقسیم چیک اور انعامات کے موقع پر چیف ایگزیکٹو چوہدری گفتار احمد، ایچ آر اینڈ ایڈمن ڈائریکٹر میاں افتخار احمد اور دیگر افسران ان ملازمین میں چیک تقسیم کر رہے ہیں

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر کسٹمر سروسز حافظ اشرف علی نے کہا کہ میپکو میں اچھی روایت شروع کی گئی ہے اور جن ریٹائرڈ ملازمین کے کیسز یہاں سماعت نہ ہونے کی وجہ سے پھنسے ہوئے ہیں ان کو ریٹائرمنٹ سے پہلے نمٹا دیا جائے گا۔ بعدازاں چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد، ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن میاں افتخار احمد، ڈائریکٹر کسٹمر سروسز حافظ اشرف علی، منیجر ایچ آر ایم محمد نعیم اللہ، ڈائریکٹر فنانس مشتاق حسین بخاری، منیجر کمپیوٹر سنٹر انوار احمد اور جنرل سیکرٹری ہائیڈرو یونین ملک سعید احمد نے ریٹائر ہونے والے 9 ملازمین کمرشل سپرینٹنڈنٹ سید فیض حسین شاہ، محمد اسلم، کمرشل اسسٹنٹ محمد شفیع، اسسٹنٹ آڈٹ آفیسر عبدالرشید، اسسٹنٹ لائن مین حافظ بشیر اختر، لائن مین فرسٹ محمد سہراب، مشتاق احمد، چوکیدار محمد خلیل اور سیکورٹی انسپکٹر شمشاد حسین میں تحائف اور چیک تقسیم کئے۔ اس موقع پر منیجر آپریشن میپکو ملتان عبدالمجید رند، ڈپٹی منیجر ایڈمن لیاقت میمن، ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی، ڈپٹی منیجر ایچ آر ایم جلیل الرحمٰن، ڈپٹی منیجر کارپوریٹ اکاؤنٹس عرفان اللہ، اسسٹنٹ منیجر ایڈمن سہیل افضل اور دیگر موجود تھے۔ مارچ 2009ء میں بھی ریٹائر ہونے والے ملازمین کے اعزاز میں تقریب منعقد کی گئی جس کی صدارت کسٹمر سروسز ڈائریکٹر حافظ اشرف علی نے کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ افسران ایسے ملازمین کے ساتھ رعایت سے کام لیں جو ریٹائرمنٹ کے نزدیک ہیں تاکہ ان کی پنشن اور واجبات میں مسئلہ نہ ہو۔ تقریب میں ایچ آر اینڈ ایڈمن ڈائریکٹر میاں افتخار احمد، منیجر ایچ آر ایم محمد نعیم اللہ، منیجر لیگل اینڈ لیبر میپکو راجہ اشتیاق احمد، ملک سعید اور جمشید نیازی نے شرکت کی۔ جن ملازمین میں چیک تقسیم کئے گئے ان میں 8 ملازمین میٹر ریڈر محمد یوسف، مالی محمود احمد اور اللہ دتہ، سینئر کلرک خان محمد، لائن مین فرسٹ عبدالغفار اور بشیر احمد، چوکیدار محمد اسلم اور لاری ڈرائیور گل محمد میں مجموعی طور پر 24 لاکھ 72 ہزار 695 روپے کے واجبات کے چیک تقسیم کئے گئے۔

★ ★ ★



مارچ 2009 میں ریٹائرڈ ملازمین میں تقسیم چیک اور انعامات کے موقع پر حافظ اشرف علی خطاب کر رہے ہیں، جبکہ میاں افتخار احمد اور دیگر افسران ان ملازمین میں چیک تقسیم کر رہے ہیں

# صارفین کا تعاون ہی لوڈ شیڈنگ کا فوری حل ہے

چوہدری گفتار احمد
چیف ایگزیکٹو میپکو

## تاجروں میں بجلی کی بچت کا شعور اجاگر کرنے کے لئے کمیٹیاں بنا دیں: خواجہ سلیمان صدیقی

چیف ایگزیکٹو میپکو انجینئر چوہدری گفتار احمد نے کہا ہے کہ میپکو محدود وسائل کے باوجود صارفین کے مسائل کے حل کے لئے ہر اچھی تجویز پر عملدرآمد کے لئے تیار ہے ۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان میں منعقدہ لوڈ مینجمنٹ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ میپکو اپنے صارفین کی جانب سے مسائل کے حل کے لئے پیش کی جانے والی ہر قابل عمل تجویز کا خیر مقدم کرے گی کیونکہ

**معاشرے کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے نمائندہ افراد لوڈ شیڈنگ کے سلسلہ میں حکومت کی مدد کر سکتے ہیں**

**عوام میں بجلی کی بچت کا شعور اجاگر کرنے کیلئے سماجی، وسیاسی تحقیقات کو سامنے آنا چاہیے**

صارفین کے تعاون سے ہی مسائل کا خوش اسلوبی سے سامنا کیا جاسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ میپکو بجلی کی بچت کے پروگرام پر عملی اقدامات اٹھا رہی ہے ۔انہوں نے لوڈ مینجمنٹ کمیٹی سے درخواست کی کہ وہ اس مسئلہ پر اپنی تجاویز دیں جو کہ اعلیٰ حکام کو ارسال کی جائیں گی۔انھوں نے کہا کہ صارفین کی جانب سے کی جانے والی بچت ہی لوڈ شیڈنگ کا فوری حل ہے اور معاشرے کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے نمائندہ افراد اس مسئلہ کے حل میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں ۔انہوں نے تاجر رہنماؤں سے درخواست کی کہ وہ اپنے اپنے علاقوں کے تاجران کو بجلی کے کم سے کم استعمال کی ترغیب دیں تا کہ لوڈ میں کمی ہو اور لوڈشیڈنگ میں کمی آسکے ۔صدر مرکزی انجمن تاجران خواجہ سلیمان صدیقی نے کہا کہ ہم نے تاجروں میں بجلی کی بچت کا شعور اجاگر کرنے کے لئے کمیٹی بنائی ہے جو ان میں انرجی سیور کے استعمال اور بجلی کے استعمال کے کفایتی طریقوں کو اپنانے کی ترغیب دے گی ۔انہوں نے کہا کہ میپکو جلد از جلد انرجی سیور بلبوں کی فراہمی کی کوشش کرے ۔جس کے جواب میں چیف ایگزیکٹو میپکو نے کہا کہ ماضی میں بھی میپکو صارفین کو رعائتی قیمتوں پر انرجی سیور بلب فراہم کر چکی ہے اور صارفین کے لئے ورلڈ بینک کے تعاون سے مزید انرجی سیور خریدے جائیں گے۔میپکو بجلی کے ضیاع کو روکنے کے لئے 20ہزار کپسیٹرز ٹیوب ویلوں کی موٹرز پر نصب کرے گی اور موجودہ صارفین کو یہ کپسیٹرز بلا معاوضہ فراہم کئے جائیں گے ۔چیف ایگزیکٹو میپکو نے بتایا کہ حکومت توانائی کے متبادل ذرائع کے حصول پر کام کر رہی ہے۔شمسی توانائی ، ونڈمل منصوبے اور تھرکول پراجیکٹ پر تیزی سے کام ہو رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ میپکو نے ملتان میں پاور لومز کے 9 فیڈرز کو بجلی فراہم کرنے کے لئے انتظامات کئے ہیں اور پاور لومز کی طرف سے تجویز کردہ اوقات میں لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے۔ماہ اپریل کے آغاز میں پاور لومز فیڈرز پر صرف 3 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے ۔ ڈیڑھ گھنٹہ صبح اور ڈیڑھ گھنٹہ شام کے دورانیہ رکھا گیا ہے۔ ملتان تاجر اتحاد کے جنرل سیکرٹری عارف فصیح اللہ نے تجویز دی کہ بجلی چوری پر قابو پایا جائے اور میپکو پاور اسٹیشن کو بھی جلد از جلد چلانے کے لئے اقدامات کئے جائیں۔اجلاس میں ڈائریکٹر ٹیکنیکل محمود شاہ، منیجر آپریشن میپکو ملتان سرکل عبدالمجید رند، کمپنی سیکرٹری شہباز احمد خان اور ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی جبکہ دیگر ممبران میں صدر انجمن تاجران صوفی عبدالرحمن بھٹی، کاظم نواز، عبدالستار بلوچ، ممبر پاور لومز ایسوسی ایشن سعید احمد انصاری، صدر ماربل ایسوسی ایشن مرزا محمد نعیم بیگ اور جنرل سیکرٹری مرکزی انجمن تاجران عبدالصمد شیخ موجود تھے۔



چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد لوڈ مینجمنٹ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

★ ★ ★

# حکومت عوام کے مسائل کے حل کیلئے بھرپور کوششیں کر رہی ہے، عبدالقیوم جتوئی

## عوام کے سہولت کیلئے شاہ جمال سب ڈویژن کا قیام جلد عمل میں لایا جائے گا، جمشید دستی

وفاقی وزیر برائے دفاعی پیداوار سردار عبدالقیوم خان جتوئی نے کہا ہے کہ حکومت عوام کے مسائل حل کرنے کے لئے بھرپور کوششیں کر رہی ہے۔ یہ بات انہوں نے میپکو علی پور ڈویژن کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ علی پور ڈویژن کے قیام سے صارفین کے مسائل ان کی دہلیز پر حل ہوں گے۔ انہوں نے بتایا کہ وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی علی پور اور گردونواح علاقوں میں اگلے ماہ سوئی گیس

### علی پور ڈویژن بننے سے علاقے کے لوگوں کو مسائل کے حل کے لئے مظفر گڑھ کا سفر نہیں کرنا پڑے گا

فراہمی کا افتتاح کریں گے۔ اس موقع پر ممبر قومی اسمبلی جمشید خان دستی نے کہا کہ صارفین کو اپنے مسائل کے حل کے لئے پہلے مظفر گڑھ ڈویژن جانا پڑتا تھا اب علی پور ڈویژن کے قیام سے ان کے تمام مسائل ان کے علاقے میں حل ہوں گے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ خیر پور سادات اور شاہ جمال میں بھی میپکو کی سب ڈویژنیں بنائی جائیں گی۔ چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد نے کہا کہ میپکو مظفر گڑھ کنسٹرکشن ڈویژن کے زیر انتظام علاقوں میں 28 کروڑ روپے کی لاگت سے 198 نئے دیہاتوں کو بجلی فراہم کرنے کا ٹاسک دیا گیا تھا ان میں سے اب تک 102 دیہاتوں کو بجلی فراہم کی جاچکی ہے جبکہ باقی دیہاتوں کو اگلے دو ماہ میں روشن کر دیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ علی پور ڈویژن سے منسلک علاقوں کے صارفین کو بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی فراہم کرنے کے لئے لوٹینشن (ایل ٹی) پروپوزلز کی تکمیل کے لئے حکومت نے خصوصی فنڈز سے دو کروڑ روپے دیئے ہیں جبکہ مظفر گڑھ میں ایک کروڑ روپے کی لاگت سے ایل ٹی سکیمیں مکمل کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ نئی بننے والی علی پور ڈویژن میں یہاں کے مقامی لوگوں کو ہی ٹرانسفر کر کے تعینات کیا جائے گا جبکہ میپکو علی پور ڈویژن کی عمارت کو بھی جلد تعمیر کیا جائے گا اور صارفین کو بجلی کے بلوں کی بروقت فراہمی کے لئے

### شاہ جمال میں بھی میپکو کی نئی سب ڈویژن نے کام شروع کر دیا ھے

میپکو سرکل مظفر گڑھ میں کمپیوٹر سنٹر جلد کام شروع کر دے گے۔ انہوں نے کہا کہ 66KV علی پور گرڈ اسٹیشن کو ایک سال کے عرصہ میں اپ گریڈ کر کے 132KV کر دیا جائے گا جبکہ علی پور شہر میں آر آر ای کی کنسٹرکشن سب ڈویژن کا قیام بھی عمل میں لایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ خیر پور سادات اور شاہ جمال میں میپکو کی سب ڈویژنوں کے قیام کا کام اگلے ہفتہ مکمل کر کے ان کا جلد افتتاح کیا جائے گا۔ تقریب سے صدر انجمن تاجران علی پور منور بخاری نے بھی خطاب کیا۔ انہوں نے اس موقع پر کہا کہ علی پور کے تاجران میپکو انتظامیہ اور سیاسی قیادت کے بے انتہا مشکور ہیں جنہوں نے عوام کے دیرینہ مطالبے کو پورا کرتے ہوئے نئی ڈویژن اور سب ڈویژنوں کے قیام کی منظوری دی اور اتنی کم مدت میں اسے آپریشنل بھی کر دیا۔ اس موقع پر ایم این اے سردار معظم خان جتوئی نے بھی خصوصی طور پر شرکت کی جبکہ میپکو کے چیف انجینئرز محمود شاہ، حافظ اشرف علی، منیجر آپریشن مظفر گڑھ سرکل محمد یوسف منگی، ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی، ڈپٹی منیجرز سیف اللہ سرانی، عباس لاشاری، خواجہ اورنگزیب صدیقی، ناصر ایاز گورمانی سمیت دیگر افسران اور عوام کی بڑی تعداد اس موقع پر موجود تھی۔



وفاقی وزیر برائے وفاعی پیداوار سردار عبدالقیوم جتوئی ممبر قومی اسمبلی جمشید احمد خان دستی اور چیف ایگزیکٹو میپکو علی پور ڈویژن کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

# میپکو ملازمین کی تربیت میں مصروف عمل ریجنل ٹریننگ سنٹر ملتان

اپنی پروفیشنل قابلیت میں اضافہ اور ترقی کرنا ہر ملازم کا بنیادی حق ہے۔ میپکو اپنے ملازمین کے حقوق سے برملا آگاہ ہے اور ان کی تربیت اور بروقت ترقی کے فرض کو نبھانے کے لئے مختلف عملی اقدامات اٹھا رہی ہے۔ ملازمین کو عہد حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور ان کی پروفیشنل ضروریات کو پورا کرنے اور جدید تربیت کی فراہمی کے لئے ملتان میں ریجنل ٹریننگ سنٹر کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ میپکو کے کمرشل اور ٹیکنیکل سٹاف کی ٹریننگ کے لئے ریجنل ٹریننگ سنٹر اگست 1986ء میں قائم کیا گیا۔

خانیوال روڈ پر واقع یہ خوبصورت سنٹر ایک ٹیکنیکل لیب، ایک کمپیوٹر لیبارٹری، ایڈمن اینڈ ٹریننگ بلاک، 2 ہاسٹلز، مسجد اور رہائشی کالونی پر مشتمل ہے۔

انتظامی طور پر اس کے سربراہ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو ہیں جبکہ تکنیکی کنٹرول جنرل منیجر (ٹریننگ) پیپکو لاہور کے پاس ہے اسی طرح سرکل کی سطح پر قائم کئے گئے ٹریننگ سنٹر انتظامی طور پر منیجر آپریشن اور تکنیکی طور پر ڈپٹی منیجر ٹریننگ (آر ٹی سی) کے کنٹرول میں کام کرتے ہیں۔ اس سنٹر میں گریڈ 3 سے گریڈ 16 تک تمام ٹیکنیکل، کمرشل اور کمپیوٹر سٹاف کے ٹریننگ کورس منعقد کئے جاتے ہیں جبکہ آفیسرز اور سٹاف کے پروموشن امتحانات بھی اتھارٹی کے رولز کے تحت منعقد کروائے جاتے ہیں۔

2001ء میں یہاں کمپیوٹر لیبارٹری کا قیام عمل میں لایا گیا جس سے سٹاف کو بے انتہا مدد ملی۔ کانفرنس ہال کو بھی جدید سہولیات سے آراستہ کیا گیا ہے جہاں مختلف سیمینار اور ورکشاپس منعقد کئے جاتے ہیں۔ ریجنل ٹریننگ سنٹر میں واپڈا ہاؤس کی طرز پر ایک امتحانی سیل تشکیل دیا گیا ہے جو کہ ڈیپارٹمنٹل پروموشن امتحان کا انعقاد اور اس کی مانیٹرنگ کرتا ہے جبکہ پرانے کورس کو نئے قالب میں جدید ضروریات کے مطابق ڈھالنے کے لئے بھی ایک سیل تشکیل دیا گیا ہے تاکہ میپکو کے ملازمین کو موجودہ تکنیک اور جدت سے روشناس کرایا جا سکے۔

ریجنل ٹریننگ سنٹر میں میپکو ملازمین کو جدید اسلوب سے روشناس کرایا جا رہا ہے یہاں کا محنتی اور تربیت یافتہ عملہ تندہی سے میپکو ملازمین کو جدید ترین تربیت اور سہولیات مہیا کر رہا ہے۔



میپکو ریجنل ٹریننگ سنٹر کی عمارت کا بیرونی منظر

## ریجنل ٹریننگ سنٹر کے زیر اہتمام ہونے والے مختلف تربیتی کورسز کا شیڈول

| نمبر شمار | کیٹگری | کورس کوڈ | دورانیہ | تاریخ آغاز | تاریخ اختتام | دفاتر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ایل ایم I/ایل ایس II/ایل ایف ایم II | T-500 | 10ہفتے | 13-04-09 | 20-06-09 | |
| 2 | لائن مین سیکنڈ | T-300 | 7ہفتے | 06-04-09 | 23-05-09 | |
| 3 | میٹر ریڈر | C-200 | 3ہفتے | 13-04-09 | 02-05-09 | |
| 4 | لیب اسسٹنٹ/ٹی اے | MT-100 | 3ہفتے | 13-04-09 | 02-05-09 | |
| 5 | ملازمین کو کمپیوٹر کی تربیت دینے کے کورسز | DP-10 | ہفتے | 06-04-09 | 18-04-09 | |
| 6 | اسسٹنٹ لائن مین سے لائن مین سیکنڈ | T100+S100 | 6ہفتے | 27-04-09 | 06-06-09 | سی ٹی سی رحیم یار خان اور وہاڑی |
| 7 | اسسٹنٹ لائن مین سے لائن مین سیکنڈ | T100+S100 | 6ہفتے | 20-04-09 | 30-05-09 | سی ٹی سی مظفر گڑھ اور بہاولنگر |
| 8 | اسسٹنٹ لائن مین سے لائن مین سیکنڈ | T100+S100 | 6ہفتے | 20-04-09 | 30-05-09 | سی ٹی سی ملتان |
| 9 | اسسٹنٹ لائن مین سے لائن مین سیکنڈ | T100+S100 | 6ہفتے | 13-04-09 | 23-05-09 | سی ٹی سی ساہیوال |

# 2008-09 کھیلوں میں میپکو کی کامیابی کا سفر

## واپڈا انٹر یونٹ باسکٹ بال، ہاکی، ٹینس آفیسرز، بیڈمنٹن آفیسرز میں پہلی پوزیشن



میپکو باسکٹ بال ٹیم کے کھلاڑیوں کا ٹورنامنٹ جیتنے پر چیف ایگزیکٹو میپکو و دیگر افسران کے ہمراہ گروپ فوٹو

کھیلوں اور کھلاڑیوں کی آبیاری واپڈا کا خاصہ رہا ہے۔ یہی روایت میپکو نے بھی قائم رکھی ہے اور میپکو اپنے کھلاڑیوں کی ہر ممکن وسائل کے ساتھ حوصلہ افزائی کر رہی ہے۔ میپکو کے کھلاڑیوں نے ہر سطح پر اپنی کمپنی اور ملک کا نام روشن کیا ہے۔ میپکو کا انتہائی پروفیشنل اور کمٹڈ کھلاڑیوں پر مشتمل دستہ اپنے اپنے کھیل میں اپنی لگن اور مہارت سے کمپنی کے لئے اعزازات حاصل کر رہے ہیں۔

چیف ایگزیکٹو میپکو جناب چوہدری گفتار احمد کھیلوں میں نہایت دلچسپی رکھتے ہیں اور میپکو کو ہر کھیل میں وکٹری سٹینڈ پر دیکھنے کے خواہش مند ہیں جس کے لئے وہ کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں اور اعلیٰ کارکردگی پر انہیں نقد انعامات سے بھی نوازتے ہیں۔ رواں سال میں میپکو کی مختلف ٹیموں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور کئی نئے ریکارڈ قائم کئے۔ ذیل میں اس کا تفصیلی ذکر کیا جارہا ہے۔

میپکو نے پہلی بار باسکٹ بال انٹر یونٹ ٹورنامنٹ کی میزبانی کی جس میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ٹورنامنٹ 2008-09ء میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔ کھلاڑیوں نے سخت محنت اور جدوجہد کرتے ہوئے واپڈا کی دوسری ٹیموں کو ہر مقام پر شکست سے دوچار کیا۔ اس کامیابی کا سہرا سپورٹس کمیٹی کے صدر حافظ اشرف علی، نائب صدر میاں افتخار احمد، سیکرٹری محمد نعیم اللہ، منیجر نوید انجم آرائیں، سپورٹس آفیسر شرافت علی، کوچ حافظ ممتاز اور تمام کھلاڑیوں کو جاتا ہے۔ اسی طرح میپکو نے ٹینس آفیسرز، بیڈمنٹن آفیسرز اوپنس اور ہاکی ٹورنامنٹ میں بھی پہلی پوزیشنیں لے کر میپکو کے لئے اعزازات حاصل کئے ہیں۔ ہاکی ٹیم کے منیجر خواجہ اورنگزیب صدیقی، کوچ تحسین احمد زیدی ہیں۔ میپکو ہاکی ٹیم کے کھلاڑی رانا آصف انٹرنیشنل گولڈ میڈلسٹ اور بیجنگ اولمپکس 2008ء میں بھی شرکت کر چکے ہیں۔ ہینڈ بال ٹورنامنٹ میں پہلی بار شرکت کر کے میپکو نے شاندار کارکردگی کا مقابلہ کرتے ہوئے سیکنڈ پوزیشن حاصل کی جبکہ کبڈی ایشین اور کبڈی سرکل میں بھی میپکو نے دوسری پوزیشنیں حاصل کیں۔

پاکستان واپڈا انٹر یونٹ کرکٹ ٹورنامنٹ 2008-09ء میں میپکو ٹیم نے تیسری پوزیشن لی۔ میپکو کرکٹ ٹیم کے منیجر شہباز احمد خان، کوچ ذاکر حسین اور کپتان شاہد نسیم ہیں۔ میپکو فٹبال، ٹینس اور کبڈی ٹورنامنٹس 2008-09ء میں بھی میپکو نے تیسری پوزیشنیں حاصل کیں۔

قومی اور بین الاقوامی سطح پر میپکو کے کئی کھلاڑیوں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کر کے ملک کا نام روشن کیا ان کھلاڑیوں میں باڈی بلڈنگ کے عدنان عابد قریشی اور محمد شعیب نے ایک، ایک گولڈ حاصل کیا۔ محمد شاہد نے ایک گولڈ اور ایک سلور میڈل حاصل کیا۔

فٹبال میں محمد اکرم، عون شاہ، ذیشان اسلم، نوید اکرم، عارف محمود اور محمد شاہد نے بھی گولڈ میڈلز حاصل کئے ہیں۔ ٹیبل ٹینس میں مبین حنیف نے نیشنل جونیئر چیمپئن شپ میں سلور میڈل حاصل کیا۔ سائیکلسٹ راشدہ منیر نے نیشنل چیمپئن شپ میں گولڈ میڈل لیا۔ اتھلیٹکس میں ریکارڈ ہولڈر اور گولڈ میڈلسٹ رضیہ سلطانہ اور بشریٰ پروین نے گولڈ میڈل حاصل کئے اور انہوں نے بیجنگ اولمپکس میں بھی شرکت کی اور نیشنل اتھلیٹکس چیمپئن شپ میں 5 گولڈ میڈلز حاصل کئے ہیں۔



میپکو کبڈی ٹیم کے کھلاڑیوں کا چیف ایگزیکٹو میپکو و دیگر افسران کے ہمراہ گروپ فوٹو

# شوکاز نوٹسز

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو)
جام پور سب ڈویژن کے
اسسٹنٹ لائن مین راشد حسین

آپ مورخہ 07-02-28 سے اپنی ڈیوٹی سے دانستہ طور پر غیر حاضر ہیں۔ بذریعہ نوٹس آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اندریں سات یوم ڈیوٹی پر حاضر ہوں بصورت دیگر آپ کے خلاف سپیشل پاور آرڈیننس 2000ء کے تحت کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

منجانب: ڈپٹی منیجر (آپریشن)
میپکو ڈویژن راجن پور

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو)
میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان کے
اسسٹنٹ منیجر جمال مصطفیٰ

آپ مورخہ 08-07-16 سے اپنی ڈیوٹی سے دانستہ طور پر غیر حاضر ہیں۔ بذریعہ نوٹس آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اندریں سات یوم ڈیوٹی پر حاضر ہوں بصورت دیگر آپ کے خلاف سپیشل پاور آرڈیننس 2000ء کے تحت کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

منجانب: ڈپٹی منیجر (ایڈمن)
میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو)
شجاع آباد ڈویژن کے
کمرشل اسسٹنٹ خالد بشیر

آپ مورخہ 2007-12-02 سے اپنی ڈیوٹی سے دانستہ طور پر غیر حاضر ہیں۔ بذریعہ نوٹس آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اندریں سات یوم ڈیوٹی پر حاضر ہوں بصورت دیگر آپ کے خلاف سپیشل پاور آرڈیننس 2000ء کے تحت کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

منجانب: ڈپٹی منیجر (ایڈمن)
میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو)
واپڈا اہسپتال ملتان کے
سوئیپر محمد رمضان

آپ مورخہ 08-03-03 سے اپنی ڈیوٹی سے دانستہ طور پر غیر حاضر ہیں۔ بذریعہ نوٹس آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اندریں سات یوم ڈیوٹی پر حاضر ہوں بصورت دیگر آپ کے خلاف سپیشل پاور آرڈیننس 2000ء کے تحت کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

منجانب: ڈپٹی منیجر (ایڈمن)
میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو)
رحیم یار خان ڈویژن کے
کمرشل اسسٹنٹ محمد ارشد

آپ مورخہ 2008-05-06 سے اپنی ڈیوٹی سے دانستہ طور پر غیر حاضر ہیں۔ بذریعہ نوٹس آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اندریں سات یوم ڈیوٹی پر حاضر ہوں بصورت دیگر آپ کے خلاف سپیشل پاور آرڈیننس 2000ء کے تحت کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

منجانب: ڈپٹی منیجر (ایڈمن)
میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو)
عارفوالہ ڈویژن کے
کمرشل اسسٹنٹ تنویر احمد

آپ مورخہ 2008-03-13 سے اپنی ڈیوٹی سے دانستہ طور پر غیر حاضر ہیں۔ بذریعہ نوٹس آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اندریں سات یوم ڈیوٹی پر حاضر ہوں بصورت دیگر آپ کے خلاف سپیشل پاور آرڈیننس 2000ء کے تحت کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

منجانب: منیجر (ایچ آر ایم)
میپکو لمیٹڈ ملتان

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو)
پاور ہاوس سب ڈویژن پاکپتن کے
لاری ڈرائیور غلام رسول

آپ مورخہ 2008-08-09 سے اپنی ڈیوٹی سے دانستہ طور پر غیر حاضر ہیں۔ بذریعہ نوٹس آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اندریں سات یوم ڈیوٹی پر حاضر ہوں بصورت دیگر آپ کے خلاف سپیشل پاور آرڈیننس 2000ء کے تحت کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

منجانب: منیجر (ایچ آر ایم)
میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو)
احمد پور ایسٹ ڈویژن کے
اسسٹنٹ منیجر (کسٹمر سروسز) محمد علی خشک

آپ مورخہ 2007-12-03 سے اپنی ڈیوٹی سے دانستہ طور پر غیر حاضر ہیں۔ بذریعہ نوٹس آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اندریں سات یوم ڈیوٹی پر حاضر ہوں بصورت دیگر آپ کے خلاف سپیشل پاور آرڈیننس 2000ء کے تحت کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

منجانب: ڈپٹی منیجر (ایڈمن)
میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان

# بجلی چوری کی روک تھام ہم سب کا اخلاقی فرض

تحریر: جمشید عالم نیازی

بجلی چوری ایک قومی اور اخلاقی جرم ہے۔

ملک عزیز میں جہاں بجلی کی پیداوار میں کمی اور طلب میں اضافہ کے باعث ہونے والی لوڈشیڈنگ سے عوام الناس پریشان ہیں وہاں ایک اور مسئلہ نے بھی بالواسطہ عوام الناس اور براہ راست پیپکو کو ایک بحران میں مبتلا کر رکھا ہے۔بجلی کی چوری ایسا قبیح فعل ہے۔جس سے ایک طرف تو ڈسٹری بیوشن کمپنیاں کروڑوں روپے کا نقصان اٹھا کر خسارے کا سامنا کررہی ہیں تو دوسری طرف بجلی چوری کرنے والے حضرات بل ادا کرنے والے صارفین کی حق تلفی کر کے ان کے حصہ کی بجلی بغیر بل ادا کئے استعمال کررہے ہیں۔

بجلی چوری کے مرتکب افراد خود کو یہ جواز بتا کر مطمئن کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ بجلی کی قیمتوں میں ہونے والے اضافے نے ان کی کمر توڑ دی ہے اور وہ بل ادا کرنے سے قاصر ہیں۔آپ بتائیے کیا یہ دلیل درست ہے؟ جی نہیں

اس دلیل کے جواب میں اس حکومتی پالیسی کا ذکر ضرور کرنا چاہیئے جس کے تحت حکومت نے بجلی کے بلوں میں سلیب سسٹم جاری کیا ہوا ہے۔یعنی کم سے کم استعمال پر کم سے کم ریٹ لاگو کیا جاتا ہے اور زیادہ استعمال کرنے والے صارفین چونکہ بل افورڈ کرسکتے ہیں لہذا ان کے لئے زیادہ ریٹ رکھا جاتا ہے یعنی بجلی کا بل مکمل طور پر آپ کے ہاتھ میں ہے۔آپ جتنا کم استعمال کریں گے آپ کا بل بھی اتنا ہی کم آئے گا۔

بجلی کے بلوں میں سلیب سسٹم ہونے سے انتہائی کم بجلی استعمال کرنے والے صارفین کو فائدہ ہوتا ہے۔میپکو کے کل صارفین کی تعداد 37لاکھ 39ہزار 508ہے جس میں سے ایک سے 50یونٹ تک بجلی کا استعمال کرنے والے صارفین 12لاکھ 80ہزار 508 ہے جو کہ کل تعداد کا 34فیصد ہے جبکہ ایک سے 100یونٹ تک بجلی استعمال کرنے والے صارفین کی تعداد 8لاکھ 41ہزار 123ہے جو کہ کل تعداد کا 22فیصد ہے۔اس طرح سے میپکو کے 56فیصد صارفین حکومت کی جانب سے دی گئی کم از کم یونٹ پرائس کے مطابق بجلی کے بل ادا کرتے ہیں۔اسی طرح 101سے 300یونٹ استعمال کرنے والے صارفین کی تعداد 10لاکھ 41ہزار 347ہے جو کہ کل تعداد کا 28فیصد ہے۔صارفین کی یہ تعداد بھی سبسڈائز یونٹ پرائس ادا کرتی ہے۔میپکو کے ان اعداد وشمار کے مطابق میپکو کے کل 37لاکھ 39ہزار 508صارفین میں سے 31لاکھ 62ہزار 978صارفین جو کہ کل تعداد کا 85فیصد ہیں حکومتی رعایتی یونٹ پرائس سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔اب آپ بتائیے کہ کیا ہمیں بجلی چوری کرنی چاہیئے؟ یا اپنے استعمال کو کم کر کے اپنے بجلی کے بل پر قابو پانا چاہیئے۔

بجلی چوری ایک جرم ہے اور تعزیرات پاکستان کی دفعہ 39-A ایکٹ بجلی کے تحت سزا بھی رکھی گئی ہے مگر واپڈا اتھارٹی کسی صارف کو سزا دلوانے سے گریز کرتی ہے اور چوری شدہ یونٹ کی رقم بطور جرمانہ وصول کرنے پر ہی اکتفا کیا جاتا ہے۔

بجلی چوری کی روک تھام بجائے خود ایک مسئلہ ہے۔محکمہ کے کروڑوں روپے اس پر خرچ ہوتے ہیں اور کتنا ہی عملہ اس کام پر مامور ہے۔کتنا اچھا ہو کہ اگر ہمارے معاشرے سے بجلی چوری کا رجحان ختم ہو جائے تو یہ اخراجات سسٹم کو بہتر بنانے اور صارفین کو سہولیات فراہم کرنے پر خرچ کئے جاسکتے ہیں اور بجلی چوری روکنے پر مامور عملہ صارفین کی خدمت کے لئے میسر ہو۔

بجلی چوری کرنے والے حضرات بل ادا کرنے والے صارفین کی کس طرح حق تلفی کرتے ہیں اگر اس کے مضمرات کا اندازہ صارفین کو ہوتو وہ اپنے اردگرد کسی کو بجلی چوری نہ کرنے دیں۔



صاحبِ مضمون

میپکو بجلی چوری کی روک تھام کے لئے ہر سطح پر اقدامات کرتی ہے۔سب ڈویژن سے لے کر سرکل اور ہیڈ کوارٹر کی سطح تک مختلف ٹیمیں اور شعبہ جات اس کام پر مامور ہیں جو بجلی چوری کرنے کے لئے نت نئے طریقوں کا سدباب کرتے رہتے ہیں۔میپکو کا انٹیلی جنس ونگ بھی بجلی چوری کے انسداد کے لئے کام کرتا ہے۔

بجلی چوری کا مسئلہ صارفین کے تعاون سے ہی حل ہوسکتا ہے۔صارفین کا تعاون ہی ہر گلی محلے میں پھیلے ہوئے اس مسئلہ کو خوش اسلوبی سے حل کرسکتا ہے۔صارفین میپکو انتظامیہ کو ایسے افراد کی نشاندہی کریں جو اس قبیح فعل میں ملوث ہیں۔میپکو بجلی چوری کی اطلاع دینے پر صارفین کو انعامات بھی دیتی ہے اور اطلاع دہندہ کا نام صیغہ راز میں رکھا جاتا ہے۔

اس سطور سے صارفین سے درخواست ہے کہ وہ بجلی چوری کی روک تھام میں میپکو کی مدد کریں اور اپنے اردگرد کے لوگوں کو اس قبیح فعل سے روکیں کہ یہ بالواسطہ ان کا اپنا اور براہ راست ملک وقوم کا نقصان ہے۔

**قارئین متوجہ ہوں!**

میپکو افسران وملازمین کے مضامین بھی میپکو میگ میں شامل کئے جائینگے تمام افسران وملازمین کو دعوت دی جاتی ہے کہ وہ اپنی تجاویز وآراء اور محکمہ کے مختلف شعبوں کی کارکردگی کو اجاگر کرتی ہوئی اچھی، جامع اور بامقصد تحریریں اپنی تصاویر کے ساتھ بنام ڈپٹی منیجر شعبہ تعلقات عامہ میپکو ہیڈ کوارٹر خانیوال روڈ ملتان کے پتہ پر ارسال کریں

مزید معلومات کیلئے: 061-9210365

